سیریل نمبر : JLM-CTY-002381

پولیس فارم نمبر 24-5 (1)

ابتدائی اطلاعی رپورٹ نسبت جرم قابل دست اندازی پولیس رپورٹ شدہ زیر دفعہ 154 مجموعہ ضابطہ فوجداری

نمبر: 587/22 تھانہ : سٹی جہلم ضلع : جہلم ای ٹیگ نمبر : CJ-10/23/2022-3272 تاریخ ووقت وقوعہ : 23.10.2022

1	تاریخ ووقت رپورٹ	بحوالہ رپٹ نمبر (32) 23-10-2022 09:40 PM	6	تھانہ سے روانگی کی تاریخ بوقت	24-10-2022 08:00 AM
2	نام و سکونت اطلاع دہندہ مستغیث	ندیم ریاض ولد محمد ریاض، پتہ : اقبال روڈ جہلم، شناختی کارڈ نمبر :7-2247670-37301 فون نمبر : 03009512457 مرتبہ مرسلہ :نوید افضل SIانچارج پولیس چوکی کینٹ جہلم			
3	مختصر کیفیت جرم (معہ دفعہ) و مال اگر کچھ کھو گیا ہے	بجرم : 324 ت پ 296 ت پ 452 ت پ 115 ت پ The Punjab Arms Amendment Ordinance 2015 - 13-2(a)			
4	جائے وقوعہ و فاصلہ تھانہ سے اور سمت	محفوظ پلازہ بالمقابل آرمی بھرتی دفتر جہلم بحد رقبہ گل افشاں کالونی بفاصلہ قریب 1.5 کلو میٹر جانب مغرب از تھانہ دیہہ بک نمبر 13 بیٹ نمبر :4 لاری اڈہ+گل افشاں کالونی +ریلوے کالونی+جہلم کینٹ+GPOچوک			
5	کاروائی متعلقہ تفتیش اگر اطلاع درج کرنے میں کچھ توقف ہوا ہو تو اس کی وجہ بیان کی جاوے	حسب آمد درخواست بشکل استغاثہ مقدمہ درج رجسٹر ہوا۔			

دستخط : واجد نسیم بیلٹ نمبر : 95JM عہدہ : ASI ٹیلی فون نمبر : 03355481135

(ابتدائی اطلاع نیچے درج کریں)

بخدمت جناب انچارج چوکی کینٹ جہلم جناب عالی مؤدبانہ گزار ش ہے کہ میں فدوی ندیم ریاض مرزا ولد محمد ریاض مرزا سکنہ اقبال لائبریری روڈ جہلم جو کہ بطور انچارج قرآن سنت ریسرچ اکیڈمی واقع محفوظ پلازہ کینٹ کا انچارج ہوں آج مورخہ 23.10.22 بروز اتوار کو اکیڈمی میں ہفتہ وار درس قرآن کی نشست ہوتی ہے جس میں پورے ملک سے تقریباً 300 سے 400 لوگ درس سننے آتے ہیں آج بھی اسی طرح لوگ آئے ہوئے تھے کہ واقع یہ ہوتا ہے کہ ایک نامعلوم لڑکا(جس کا نام بعد میں پوچھ گچھ کے دوران) معلوم ہوتا ہے مدثر اشرف نے اکیڈمی کے اندر بمعہ سامان داخل ہونے کی کوشش کی جسکو سیکورٹی پر مامور گارڈ نے روکا کہ سامان باہر ہی رکھو جس پر اس نے اپنا بیگ باہر رکھا اور اس میں سے ایک کتاب نکالی کتاب کے اندر بڑی مہارت سے صفحات کو کاٹ کر ایک عدد پستول چھپایا ہوا تھا اس نے بڑی ہوشیاری سے پستول نکال کر گارڈ پر تاننے کی کوشش کی جس کا ارادہ قتل انجینئر محمد علی مرزا تھا جو اس نے پوچھ گچھ کے دوران اقرار بھی کیا جس پر گارڈ نے جو کہ ساتھ والے گارڈ بھی اس چھینا جھپٹی میں شامل ہوئے اور اس کو دبوچ لیا اور اس کو بندوں سے بچا کر کمرے میں لے گئے اور تاکہ لوگ اس کو کسی قسم کا کوئی نقصان نہ پہنچا دیں بعد ازاں انجینئر صاحب نے لیکچر جو کہ سٹارٹ کیا ہوا تھا اس کو جاری کرتے ہوئے لوگوں کو مصروف رکھا لیکن پھر نماز ظہر تک اس درست کو ختم کر دیا تاکہ لوگ چلے جائیں پھر لوگوں کو بھیج کر لڑکے سے پوچھ گچھ کی گئی کہ تمہارا ادارہ کیا ہے جس پر اس گواہان کی موجودگی میں یہ اقرار کیا کہ میں مدثر اشرف سکنہ میاں چنوں انجینئر محمد علی مرزا کو قتل کرنے کے ارادہ سے آیا ہوں اس کو قتل کر کے مجھے جنت ملے گی یہ باتیں مجھے ان صاحبان نے بتائی ہیں ان کے نام درج ذیل ہیں1۔ مفتی مشاہد کاظمی ، مفتی راشد رضوی۔ مفتی علی نواز ۔ مفتی مبشر قادری یہ لوگ نہ صرف اس کو ابھارتے ہیں بلکہ یہ ان سے پیسے بھی لیتا ہے جسکا اقرار اپنی مرضی بغیر کسی جبر کے قبول کیا اور اس کے قبضہ سے ایک عدد پستول برآمد بھی کیا بعد ازاں ہم نے ان گواہان کی موجودگی میں 15 کو کال کر کے حوالہ پولیس ۔ گواہان کے نام در ج ذیل درخواست گزار ندیم ریاض مرزا ولد محمد ریاض مرزا گواہ نمبر 1 محمد عثمان ولد محمد حنیف گواہ نمبر 2 ارشا د علی مرزا ولد جمشید علی مرزا کی موجودگی میں بمعہ پستول اور بیگ بمعہ کتابیں سب پولیس کے حوالہ کر دیا تاکہ ضابطہ کی کاروائی کی جائے وگرنہ اکیڈمی میں آئے 300 سے 400 لوگ اس کو جان سے مار سکتے تھے لیکن ہم نے اسکو بحفاظت پولیس کے حوالہ کر دیا ۔ درخواست گزار ندیم ریاض مرزا ولد محمد ریاض مرزا سکنہ اقبال روڈ جہلم 3730122476707 ۔03009512457۔ گواہان نمبر 1 محمد عثمان ولد محمد حنیف قوم آرائیں قوم آرائیں سکنہ نیا بازار F53 جہلم ۔3730179276841۔ 03005450190 دستخط بحروف انگریزی ۔گواہ نمبر 2 ارشاد علی مرزا ولد جمشید علی مرزا ۔3730186305681۔03219514500 سکنہ گلی نمبر 6 ڈھوک جمعہ جہلم دستخط بحروف انگریزی کاروائی پولیس اسوقت اطلاع وقوعہ پا کر میں معہ اسرار احمد 569/C یاسر علی 957/C شہباز اکرم 967/C بسواری سرکاری گاڑی نمبری 12/JMG جسکا ڈرائیور محمد فاروق 448/C ہے جائے متذکرہ محفوظ پلازہ بالمقابل آرمی بھرتی دفتر جہلم قریب 7:55 بجیشام پہنچا تو مسمی ندیم ریاض نے ایک قطعہ تحریری درخواست و ملزم مدثر اشرف اور ایک عدد پسٹل 30 بور لوڈ شدہ اور ایک عدد کتاب میرے حوالے کیے پسٹل 30 بور کو ان لوڈ کرنے پر 4 ضرب روند زندہ برآمد ہوئے ملزم مدثر اشرف سے برموقعہ متعلق پسٹل 30 بور لائسنس یا اجازت نامہ طلب کیا جو کہ پیش نہ کر سکا پسٹل 30 بور دیسی ساخت برنگ سیاہ سلولائیڈ برنگ سیاہ برل پر انگریزی بحروف CAL 30 BORE MADE AS CHINA کنندہ ہیں برآمدہ پسٹل اسلحہ ناجائز کا پارسل سربمہر تیار کر کے پارسل پر مہر اسمی N.A۔ 1 عدد ثبت کرکے پارسل پسٹل 30 بور معہ 4 ضرب روند معہ کتاب بذریعہ فرد بطور وجہ ثبوت قبضہ پولیس میں لیکر تکمیل فرد کی گئی مسمی مدثر اشرف نے اسلحہ ناجائز اپنے قبضہ میں رکھ کر ارتکاب جرم AO 13IIA/2015 کا کیا ہے مضمون درخواست و حالات واقعات سے سردست صورت جرم 115/452/296/324ت پ ۔ AO 13IIA/2015 پائی جاکر درخواست ہذا بشکل استغاثہ بغرض قائمی مقدمہ بدست یاسر علی 957/C ارسال تھانہ ہے بعداندراج مقدمہ نمبر مقدمہ سے اطلاع دی جائے میں موقعہ پر مصروف تفتیش ہوں از موقعہ محفوظ پلازہ بالمقابل آرمی بھرتی دفتر جہلم بوقت 9:20 بجیرات نوید افضل SIانچارج پولیس چوکی کینٹ 23.10.2022 از تھانہ حسب آمد درخواست بشکل استغاثہ رپورٹ ابتدائی اطلاعی ہذا بجرم مذکور بالا مرتب ہوئی اصل درخواست بشکل استغاثہ معہ نقل FIR بمراد تفتیش بدست ارندہ کنسٹیبل عقب فرسندہ SI صاحب ارسال ہے محرر کو ہدایت ہوئی کہ تکمیل ریکارڈ کرے اور نقول ہائے FIR جابجا افسران مجاز مرسل کرے ۔

واجد نسیم ASI
23-10-2022